**29.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... اسلم بیگ

**Music**

-----------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جاپانی ٹیکنالوجی اور بھارت کے ہنر کے امتزاج سے، صدی کے انقلاب کی قیادت کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت نے AI، سیمی کنڈکٹرز، کوانٹم کمپیوٹنگ اور خلاء کے شعبوں میں بڑے اور آرزو مند اقدامات کیے ہیں۔

☆ بہار کابینہ نے ہر کنبے میں ایک خاتون کو مالی مدد فراہم کرنے کی ایک نئی اسکیم کو منظوری دی ہے تاکہ وہ خاتون اپنی مرضی کا پیشہ اختیار کرسکے۔

☆ آج ہاکی کی تاریخی شخصیت میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش کے موقع پر کھیلوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

☆ اتراکھنڈ میں رُودر پریاگ اور چمولی میں بادل پھٹنے سے بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے۔ جموں و کشمیر میں آج چوتھے دن بھی ریل گاڑیوں کی آمد و رفت رکی ہوئی ہے۔ 40 ریل گاڑیوں کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔

☆ اور...... بیڈمنٹن میں خواتین کے سنگلز میں پی وی سندھو اور مردوں کے ڈبلز کی، ستوک سائیراج، چراغ شیٹی کی جوڑی، آج پیرس میں BWF عالمی چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں کھیلے گی۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Tokyo**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جاپانی ٹیکنالوجی اور بھارتی صلاحیت کے امتزاج سے، اِس صدی کے تکنیکی انقلاب کی قیادت ہوسکتی ہے۔ ٹوکیو میں بھارت-جاپان اقتصادی فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جاپان، ٹیکنالوجی کا پاور ہاؤس ہے اور بھارت، صلاحیت کا پاور ہاؤس ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ جاپان، بھارت کے ترقی کے سفر میں ہمیشہ ہی ایک اہم شراکت دار رہا ہے۔ میٹرو سے لے کر مینوفیکچرنگ تک، سیمی کنڈکٹرز سے لے کر اسٹارٹ اپس تک، اِس شراکت داری سے ہر شعبے میں باہمی اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے۔

جاپان کی کمپنیوں نے بھارت میں 40 ارب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہوئی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت-جاپان شراکت داری، مینوفیکچرنگ اور آٹو شعبے میں انتہائی کامیاب رہی ہے۔ دونوں ملک، ملکر اِسی طرح کی کامیابی

بیٹریز، روبوٹکس، سیمی کنڈکٹرز، جہاز سازی اور نیوکلیائی توانائی میں بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوزوکی اور Deccan کی کامیابی کی داستانیں، دیگر شعبوں میں بھی کامیابی کی داستانیں بن سکتی ہیں۔ انہوں نے ہر ایک سے کہا کہ وہ آگے آئے اور 'میک اِن انڈیا' کو 'میک فار دی ورلڈ' میں تبدیل کرے۔

وزیر اعظم نے خاص طور پر کہا کہ آج بھارت میں سیاسی و اقتصادی استحکام ہے، پالیسیوں میں شفافیت اور پہلے سے اندازہ لگانے کی صلاحیت موجود ہے۔

اِس موقع پر جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba نے کہا کہ جاپان کی جدید ترین ٹیکنالوجی اور بھارت کی غیر معمولی صلاحیت، ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم ہے، جس سے ہمارے اقتصادی تعلقات کو زبردست توسیع حاصل ہوتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ کمپنیوں کے مابین تعاون کی نئی دستاویزات پر دستخط کیے جانے سے، بھارت میں جاپان کی سرمایہ کاری میں مزید اضافے کے جاپان کے مصمم ادارے کا اظہار ہوتا ہے۔×

**Bihar Women's Scheme**

بہار حکومت نے مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔ اُس نے آج وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی صدارت میں ایک کابینہ میٹنگ میں یہ منظوری دی۔ اِس اسکیم کے تحت ریاست میں ہر کنبے کی ایک خاتون کو اُس کی پسند کا پیشہ شروع کرنے کیلئے مالی مدد فراہم کی جائے گی۔ پہلی قسط کے طور پر ہر منتخب خاتون کو اُس کی پسند کے روزگار کی سرگرمیاں شروع کرنے کیلئے 10 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ دلچسپی رکھنے والی خواتین کی طرف سے درخواستیں موصول کرنے کا عمل آج شروع ہوگا۔×

**Prez Scop Awards**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں سرکاری شعبے کی کمپنیوں کو SCOPE امتیازی انعامات 2022-23 عطا کیے۔ صدر جمہوریہ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری شعبے کا کاروبار، آزادی کے وقت سے ہی اقتصادی ترقی اور سماجی شمولیت کا ایک طاقتور طریقۂ کار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری شعبے کا کاروبار، صنعتکاری، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، سماجی بہتری اور متوازن خطہ جاتی ترقی کی بنیاد بھی رہا ہے۔ خزانے کے مرکزی وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا کہ سرکاری شعبے کا کاروبار، ملک کی تعمیر میں ایک اہم تعاون دے رہا ہے اور اِس سے عالمی سطح پر بھی ایک نقش قائم ہو رہا ہے۔×

**Judges Oath**

بھارت کے چیف جسٹس B. R. گوئی نے آج، سپریم کورٹ کے دو نئے مقررہ ججوں کو عہدے کا حلف دلایا۔

جسٹس آلوک اَرادھے اور جسٹس Vipul Manubhai پنچولی نے، سپریم کورٹ کے جج کے عہدے کا حلف لیا۔

اِس سے دو دن پہلے حکومت کی طرف سے اِن کے تقرر کی منظوری دی گئی تھی۔ سپریم کورٹ میں اب 34 ججوں کی مقررہ تعداد مکمل ہوگئی ہے، جس میں بھارت کے چیف جسٹس بھی شامل ہیں۔×

**Odisha - Parliamentry Committee**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج صبح بھونیشور میں درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کی پارلیمانی کمیٹی کی 2 روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اِس کانفرنس میں راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش، مرکزی وزراء Jual Oram اور دھرمیندر پردھان، اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی، کمیٹی کے چیئرمین فگّن سنگھ کُلستے، کمیٹی کے 30 ممبران کے علاوہ ملک بھر سے دیگر معززین شرکت کر رہے ہیں۔ اِس کانفرنس کا موضوع ہے ''درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کی فلاح و بہبود، ترقی اور اُنہیں بااختیار بنانے میں پارلیمانی اور قانون ساز کمیٹیوں کا رول''۔ یہ کانفرنس دلّی کے باہر پہلی مرتبہ منعقد ہورہی ہے۔×

## Uttarakhand Weather

اتراکھنڈ کے بہت سے ضلعوں میں لگاتار موسلا دھار بارش کی وجہ سے معمول کی زندگی میں رکاوٹ آ گئی ہے۔ چمولی ضلعے کے موپاٹا گاؤں میں دو افراد کے لاپتہ ہونے اور دو کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ یہ لوگ موسلا دھار بارش کے سبب ملبے میں دب گئے تھے۔ گایوں کے شیلٹرز کو بھی نقصان پہنچا ہے اور 15-20 مویشی پھنس کر رہ گئے ہیں۔ اِسی علاقے میں کچھ کنبوں کے بھی پھنس جانے کی اطلاع ہے۔ مقامی انتظامیہ، راحت اور بچاؤ کا کام، جنگی پیمانے پر انجام دے رہی ہے۔ افسروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مؤثر طور پر تال میل برقرار رکھیں۔ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کہا ہے کہ وہ صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں اور حکام کے ساتھ بھی لگاتار رابطے میں ہیں۔ لگاتار بارش کی خبریں پتھوڑا گڑھ، چمپاوت اور باگیشور سے موصول ہوئی ہیں۔ محکمۂ موسمیات نے آنے والے دنوں میں، ریاست کے مختلف علاقوں کیلئے لگاتار شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔×

## Punjab Flood

پنجاب میں، سرحدی ضلعوں گرداس پور، فاضلکا اور پٹھان کوٹ میں سیلاب کے پانی میں کُچھ کمی ہوئی ہے، لیکن امرتسر اور فیروزپور میں سیلاب کا قہر اب بھی جاری ہے۔ پٹیالہ کی انتظامیہ نے راجپورہ سب ڈویژن اور ڈیرہ بسی سب ڈویژن کے تحت آنے والے گاؤوں کے لیے سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔ جالندھر کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سبھی متاثرہ علاقوں میں بھارتی فوج، BSF، NDRF، SDRF اور پنجاب پولیس اور رضاکار تنظیموں کے اہلکار جنگی پیمانے پر بچاؤ کارروائی انجام دے رہے ہیں۔ گرداس پور ضلعے میں متاثرہ علاقوں میں پھنسے ہوئے لوگوں تک راحتی سامان پہنچانے کی غرض سے ڈرونز کا استعمال کیا جارہا ہے۔×

## J&K Weather

جموں و کشمیر میں، جموں ڈویژن میں ریل ٹریفک آج مسلسل چوتھے دن کیلئے مکمل طور پر معطل ہے اور اس کے مزید معطل رہنے کا خدشہ ہے کیونکہ نادرن ریلوے کے حکام نے آج جموں سے روانہ ہونے والی اور وہاں پہنچنے والی 40 ٹرینوں کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اہمیت کی حامل جموں-سرینگر قومی شاہراہ NH-44 بھی آج مسلسل چوتھے دن موٹر گاڑیوں کی آمد و رفت کیلئے بند ہے۔ وہاں اودھم پور، رام بن Belt میں شدید بارش سے کئی جگہوں پر مٹی کے تودے کھسکنے کے سبب

ایسا کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ پورے جموں ڈویژن میں سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول بھی 30 اگست تک بند رہیں گے۔×

**J&K National Highway**

جموں و کشمیر میں اُدھم پور-رام بن خطے میں شدید بارش کے سبب متعدد مقامات پر مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات کے پیش نظر، اہم جموں-سری نگر قومی شاہراہ 44 گاڑیوں کی آمد و رفت کے لیے آج لگاتار چوتھے دن بھی بند ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 600 سے زیادہ گاڑیاں مختلف مقامات پر پھنسی ہوئی ہیں۔ ٹریفک پولیس کے مطابق جموں میں Nagrota سے ریاسی، Chenani، Patritop، ڈوڈہ، رام بن، بانیہال اور سری نگر کی طرف کسی بھی گاڑی کو جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ کٹرہ اور اُدھم پور کے مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ فوٹو والے شناختی کارڈ اپنے ساتھ رکھیں، تاکہ ان کی آمد و رفت میں آسانی فراہم کی جاسکے۔ سرحدی سڑکوں کی تنظیم BRO، مذکورہ شاہراہ پر گاڑیوں کی آمد و رفت کی بحالی کے لیے جنگی پیمانے پر کام کررہی ہے۔

کشتواڑ-Sinthan-اننت ناگ شاہراہ بھی گاڑیوں کی آمد و رفت کے لیے بند ہے۔ البتہ مغل روڈ پر دن کے وقت پُنچھ کے Behramgala سے شوپیاں کے Herpora تک ہلکی گاڑیوں کی آمد و رفت کی اجازت دی گئی ہے۔ جموں ڈویژن میں تمام سرکاری اور نجی اسکول کل تک بند رہیں گے۔×

**National Sports Day**

ہاکی کے عظیم کھلاڑیوں میں سے ایک میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش کے موقع پر آج کھیلوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن، بھارتی ہاکی میں میجر دھیان چند کی وراثت کے اعزاز میں کھیل کود اور جسمانی سرگرمیوں کی اہمیت پر زور دینے کے لیے منایا جاتا ہے۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر مَن سُکھ مانڈویا نے آج صبح میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں میجر دھیان چند کو گلہائے عقیدت نذر کیے۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ بھارتی ہاکی کے مایۂ ناز کھلاڑی میجر دھیان چند کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ اُن کی وراثت سے آنے والی نسلوں کو ترغیب ملتی رہے گی۔ وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت، آتھلیٹس کی معاونت، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور بھارت کو کھیلوں میں عمدہ کارکردگی کا ایک عالمی مرکز بنانے کے تئیں عہد بند ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی میجر دھیان چند کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ اُن کی لگن اور محنت، بے مثال ہے اور ملک میں ہاکی اور دیگر کھیلوں کے لیے باعثِ ترغیب ہے۔×

**Mandaviya Sports**

بھارت کو آج کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر پہلا Mondo track حاصل ہوگیا ہے۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ نے کہا ہے کہ بھارت ایسا 25 واں ملک ہے، جس کے پاس Mondo track آ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس نئے track سے بھارت کے آتھلیٹس کو عالمی درجے کی سہولیات حاصل ہوجائیں گی۔

**S/B: Final: Mansukh Mandaviya**

جناب مانڈویہ نے کہا کہ کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر، آج سے پورے ملک میں ایک تین روزہ کھیل مہوتسو شروع کیا گیا ہے، جس کا مقصد بھارت کو کھیل کود کے شعبے میں ایک سرکردہ ملک بنانا ہے۔

کھیلوں کے مرکزی وزیر نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے 2030 کے دولت مشترکہ کھیلوں کی میزبانی کیلئے دلچسپی کا ایک خط بھیجا ہے۔×

**Badminton**

بھارت کی سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو BWF عالمی چیمپئن شپ 2025 میں کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گی۔ کوارٹر فائنل میں پیرس کے Adidas Arena میں اُن کا مقابلہ انڈونیشیا کی کھلاڑی Putri Kusuma Wardani سے ہوگا۔

اِس سے پہلے کل پری کوارٹر فائنل مرحلے میں پی وی سندھو اور دھرو کپیلا-تنیشا کراسٹو کی جوڑی نے اپنے حریف کھلاڑیوں پر شاندار جیت درج کی۔ پی وی سندھو نے عالمی نمبر 2 چین کی کھلاڑی Wang Zhiyi کو ہرایا، جبکہ دھرو کپیلا اور تنیشا کراسٹو کی جوڑی نے ہانگ کانگ کی 5 ویں درجے کی جوڑی Tang Chun Man اور Tse Ying Suet کو شکست دی۔

آج رات مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں ستوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹّی کا مقابلہ ملیشیا کے Aaron Chia اور Soh Wooi Yik سے ہوگا۔×

**Bihar - Asia Cup**

ایشیا کپ ہاکی چیمپئن شپ 2025 کے افتتاحی میچ میں آج صبح ملیشیا نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بنگلہ دیش کو ایک کے مقابلے چار گول سے شکست دی۔ میچ کے آغاز میں بنگلہ دیش نے سبقت حاصل کی، جب اُن کے اسٹرائیکر اشرف الاسلام نے ابتدائی منٹوں میں تیزی کے ساتھ ایک گول کیا۔ اِس برتری سے بنگلہ دیشی کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھ گیا۔ تاہم، اِس کے بعد ملیشیا نے اپنی حکمتِ عملی تبدیل کی اور آہستہ آہستہ کھیل میں واپسی کی۔ ملیشیا کے کھلاڑیوں نے جارحانہ انداز اپنایا اور شاندار پاسنگ، بہترین تال میل کے ساتھ عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اِس کے نتیجے میں کھیل کے پہلے کوارٹر کے اختتام تک ملیشیا نے اسکور برابر کر دیا اور جلد ہی لگاتار 3 اور گول کر کے میچ پر مکمل غلبہ حاصل کر لیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆